مختلف ممالک سے آمدہ وفود کی ملاقاتیں

پروگرام کے مطابق آٹھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے دفتر تشریف لائے اور بیرونی ممالک سے آنے والے مہمانوں اور وفود کی ملاقاتیں شروع ہوئیں۔

بلغارین وکیل

سب سے پہلے ملک بلغاریہ سے آنے والے ایک وکیل Ivan Gruikin صاحب نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کی سعادت پائی۔ بلغاریہ میں جماعت کی رجسٹریشن کے حوالہ سے معاملہ اس وقت یورپین کورٹ میں ہے اور موصوف جماعت کی طرف سے اس کیس کی پیروی کر رہے ہیں۔

موصوف نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں عرض کیا کہ وہ یہاں جلسہ میں آکر بے حد خوش ہوئے ہیں اور یہاں انہوں نے آپس میں بھائی چارہ اور محبت و اخوت کا مظاہرہ دیکھا ہے۔ کہنے لگے کہ میں نے ہر ایک چہرے کو مسکراتے ہوئے دیکھا ہے۔ حضور انور کا خطبہ جمعہ بھی سنا ہے اور بہت متاثر ہوا ہوں۔

بلغاریہ کے موجودہ حالات کے حوالہ سے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے موصوف سے مختلف امور پر گفتگو فرمائی۔ موصوف نے بتایا کہ بلغاریہ میں اگرچہ مسلمانوں کی تعداد دس بارہ فیصد ہے۔ لیکن چونکہ حکومت Coalition سے بنی ہوئی ہے اس لئے جو مفتی وغیرہ ہیں ان کا زور ہے۔ موصوف نے عرض کیا کہ جماعت کی رجسٹریشن کے حوالہ سے میں پُر امید ہوں۔ اس پر حضور انور نے فرمایا قانونی کارروائی جہاں تک ہو سکا ہم کریں گے اور آخر تک جائیں گے۔ حضور انور نے وکیل کا شکریہ ادا کیا۔

یہ ملاقات آٹھ بج کر پندرہ منٹ تک جاری رہی۔ آخر پر موصوف نے حضور انور کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت پائی۔